NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

کلاس روم کی چار دیواری کے باہر تعلیم

نیو یارک کے عزیز مکین،

تعلیم میں میری تین سے زیادہ دہائیوں میں، میں نے اس بارے میں کچھ بنیادی عقائد قائم کیے ہیں کہ طلبا کس طرح نشو ونما پاتے ہیں، بشمول یہ کہ اکثر اوقات سب سے زیادہ پُرمعنی تعلیم کلاس روم کی چار دیواریوں کے باہر وقوع پذیر ہوتی ہے۔ تعلیم کو بامقصد اور پُرکشش محسوس ہونے کے لیے طلبا کو اپنی اردگرد کی دنیا سے مربوط ہونے کے مواقع کی ضرورت ہوتی ہے۔

یہ خیال میرے ذہن میں آتا ہے جب میں ہمارے چھٹے سالانہ سوکس ویک کے بارے میں اظہارِ خیال کرتا ہوں جو 11-15 مارچ واقع ہوا تھا۔ بروکلن آکوپیشنل ٹریننگ سینٹر، P721K میں ہفتے کا آغاز کرنے کے بعد، میں مسلسل ان عمدہ سوک سرگرمیوں کے بارے میں جدید خبریں سنتا رہا ہوں جو ہمارے شہر میں ہورہی تھیں، مقامی منتخب کردہ افسران سے طلبا کی ملاقاتوں سے لے کر اہم مسائل پر خط لکھنے کی مہمات تک۔ یہ تجربات اگلی نسل کو تاحیات سوک قیادت کے لیے تیار کرتے ہیں، اور اسی وجہ سے، 25 اضلاع نے تمام سال وسائل اور تربیت کے لیے تمام شراکت داروں کے لیے سوکس ضلع پروگرام کے ذریعے سائن اپ کیا ہے۔

این وائی سی پبلک اسکولز میں، عملی تعلیم موسمِ گرما میں بھی جاری رہتی ہے۔ ہم نے حال ہی میں سمر رائزنگ درخواست کا آغاز کیا ہے (معمول سے ایک ماہ پہلے تاکہ خاندانوں کو منصوبہ بندی کے لیے اضافی وقت مل سکے)۔ یہ اس پروگرام کا ہمارا لگاتار چوتھا سال ہوگا، جو موجودہ گریڈز K-8 کے 110,000 طلبا کو موسمِ گرما میں بلامعاوضہ، محفوظ تعلیم اور تفریح فراہم

کرتا ہے. سمر رائزنگ میں طلبا شہر کی تمام پیشکشوں سے مستفید ہوتے ہیں، میوزیم، پارکس، کھیلوں کی تقریبات، اور ثقافتی اداروں کے دورے کر کے۔ درخواست کا دورانیہ 25 مارچ کو بند ہوجائے گا—اس لیے اج ہی مزید جانیں اور درخواست دیں۔

چاہے آپ کے طالب علم نے سوکس ویک کے دوران ووٹ کے لیے رجسٹر کروایا ہو یا وہ سمر رائزنگ (شروع ہونے) کے دن گن رہے ہیں، میں آپکو ان سے اپنے ڈیسک پر اور کلاس روم کی چاردیواری کے باہر— دونوں جگہ وہ جو کچھ سیکھ رہے ہیں اسکے بارے میں پوچھنے کی دعوت دیتا ہوں۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:

ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے YouTube صفحے پر جائیں۔

NYCPS کی تازہ ترین خبروں کے لیے ہمیں آن لائن X، فیس بُک اور انسٹا گرام پر فالو کریں۔

اور یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔

ترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے: "CC" کے آئیکان پر کلک کریں۔ "Settings" آئیکان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC" منتخب کریں۔ "Auto Translate" منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔

NYCPS خاندان: اگر آپ مزید PS+You خبرنامہ موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔